سبق نمبر 1

[redacted]

گروپ کے لیڈر دُعا کریں اور اپنے گروپ اور سٹاگر دینانے کے اِس کورس کو خُدا کے سپرد کریں

[redacted]

تعلیم دیں: عبادت کیا ہے؟ عبادت کی تعریف مندرجہ ذیل ہے:

عبادت خُدا کی ہیبت، پرستش، احترام، تابعداری، فرمانبرداری اور اُس کے لئے وقف ہونے کی حالت ہے۔ یہ بہت سی دُعاؤں کی اقسام اور ہماری ذاتی زندگی سے ظاہر ہوتی ہے۔ خُدا کی عبادت کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم خُدا کو جانیں اور سمجھیں۔ ہر عبادت کے وقت میں ہم خُدا کے ایک کردار کو سمجھتے ہیں۔

(گروپ لیڈر خُدا ناقابل فہم کی اِس تعلیم کو پڑھیں)۔

مضمون: خُدا ناقابلِ بیان ہے

۱۔ خُدا ناقابل بیان ہے مگر پھر بھی لوگ اُسکو جان سکتے ہیں

پڑھیں: ایوب ۱۱:۷-۸۔ تعلیم دیں۔ کوئی بھی قادرِ مطلق خدا کی حدود کو معلوم نہیں کر سکتا۔ کوئی بھی خدا کے بارے میں ہر بات اور چیز کو نہیں جان سکتا۔

کسی چیز کی تعریف بیان کرنے کا مطلب ہوتا ہے اُس چیز کی حدود بیان کرنا۔ خدا کی تعریف بیان کرنے کا مطلب ہوگا خُدا کی حدود بیان کرنا۔ اگر کوئی بیان کر سکے کہ خدا کس کی مانند ہے تو وہ خدا کی حدود کو جانتا ہوگا اور اِس طرح وہ خدا سے بڑا ہوگا۔

بائبل مقدس بتاتی ہے کہ خدا نے ہمیں حدوں کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ وہ ہماری حدود بتاتا ہے اور ہماری ہر بات کو جانتا ہے۔ یہ حقیقت ہمیں مخلوقات میں اپنے مقام کا احساس دِلا سکتی ہے۔ یہ ہمیں خُدا کی حضوری میں زیادہ حلیم بنا سکتی ہے۔ اگر کوئی شخص خدا کی حدود اور بھیدوں کو پوری طرح نہیں سمجھ سکتا تو کیا پھر خدا کے متعلق معلومات حاصل کرنا ناممکن ہے؟ کیا ہم لوگ خدا کے بارے میں کچھ جان سکتے ہیں؟ جی ہاں! ہم خدا کے بارے معلوم کر سکتے ہیں مگر صرف اُس حد تک جتنا خدا نے اپنے بارے میں ظاہر کیا ہے۔ "مخفی کا مالک تو خُداوند ہمارا خُدا ہی ہے پر جو باتیں ظاہر کی گئی ہیں وہ ہمیشہ تک ہمارے اور ہماری اَولاد کے لئے ہیں تا کہ ہم اِس شریعت کی سب باتوں پر عمل کریں (اِستثنا ۲۹:۲۹)۔

۲۔ خدا پوشیدہ ہے مگر پھر بھی وہ خود کو لوگوں پر ظاہر کرتا ہے

پڑھیں کلسیوں ۱:۱۵ تعلیم دیں۔ خدا رُوح ہے (یوحنا ۴:۲۴) اِس لئے اِنسانی آنکھوں سے پوشیدہ ہے۔ نہ کسی نے خدا کو دیکھا ہے اور نہ کوئی خدا کو دیکھ سکتا ہے۔ کوئی بھی خدا کی ہستی اور شخصیت کو بیان نہیں کر سکتا جب تک کہ خُدا خود اپنی ہستی اور شخصیت کے کچھ پہلوؤں کو ظاہر نہ کرے۔

کیا ہم لوگ خُدا کو دیکھ سکتے ہیں؟ جی ہاں! یسوع مسیح؛ پوشیدہ خُدا کی ایک ظاہری شکل ہیں۔ پوشیدہ قادرِ مطلق کا رُوح مجسم ہو کر یسوع کی صورت میں آیا اور اِنسانوں کے درمیان رہا چنانچہ اِنسانوں نے اُسکو دیکھا۔ یسوع نے کہا "جس نے مجھے دیکھا اُس نے باپ کو دیکھا" (یوحنا ۱۴:۹)۔ ہزاروں لوگوں نے یسوع مسیح کی شخصیت اور زندگی کو دیکھا۔ جو

بائبل میں قلم بند کیا آج وہ ہمیں یسوع کو دیکھنے اور سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔یسوع مسیح کے رُوپ میں ہم پوشیدہ خدا کو دیکھتے اور جانتے ہیں۔یسوع مسیح میں ہم خدا کی محبت، رحم، پاکیزگی راستبازی، حکمرانی، حلیمی، سچائی، حکمت مختصر یہ کہ ہم خُدا کے جلال کو دیکھ سکتے ہیں۔خدا کا جلال اُس کے ساتھ منسوب تمام چیزوں یعنی خصوصیات، کاملیت خلاصہ ہے جس میں اُس کی حضوری شامل ہے۔

یسوع مسیح خدا کے جلال کا پرتو اور اُس کی ذات نقش ہے(عبرانیوں ۱:۳)۔جو خُدا آسمان میں پوشیدہ تھا اُس نے اپنے آپ کو یسوع مسیح کے رُوپ میں زمین پر ظاہر کیا ہے۔ ''الوہیت کی ساری معموری مجسم ہو کر یسوع مسیح میں سکونت کرتی ہے'' (کلسیوں ۲:۹)۔

۳۔ خدا ناقابل رسائی ہے پھر بھی وہ ہم تک رسائی کرتا ہے

پڑھیں: ۱۔تمتھیس ۶:۱۶ تعلیم دیں۔ خدا ایک ناقابل پرسائی نُور میں سکونت کرتا ہے۔خدا تک کوئی نہیں پہنچ سکتا۔کوئی بھی خدا کو دیکھنے کے لئے آسمان پر نہیں چڑھ سکتا۔خدا نہ صرف پوشیدہ ہے بلکہ اِنسان کی کسی بھی قسم کی کوشش سے ناقابل پہنچ ہے۔دُنیا کا کوئی بھی مذہب ہمیں زندہ خدا تک پہنچنے میں مدد نہیں دے سکتا جس نے اپنے آپکو بائبل میں ظاہر کیا ہے۔

کیا ہم خدا تک پہنچ سکتے ہیں؟ بائبل کی تعلیم ہے کہ ہم خُدا تک نہیں پہنچ سکتے مگر خدا ہم تک پہنچتا ہے۔خدا اپنے آپ کو ہم پر ظاہر کرنے کے لئے خود اس زمین پر اُتر آیا۔خدا نے کمزور اِنسانی جسم لیا، ہمارا مشابہ ہو گیا اور ہمارے درمیان رہنے آ گیا (یوحنا ۱:۱،۱۴؛فلپیوں ۲:۶-۸)۔خدا ہمارے پاس آیا تا کہ ہم اُسکو جان سکیں، قبول کر سکیں اور اُسکے ساتھ ذاتی طور پر تعلق قائم کر سکیں۔ہر دُوسرے مذہب میں خدا مکمل طور پر ناقابل پہنچ ہے لیکن زندہ خدا ہم تک ماضی میں اور آج بھی یسوع کی صورت میں پہنچتا ہے۔صرف یسوع مسیح کی صورت میں خدا قابل پہنچ ہے۔

گروپ کا رونما۔ خدا کی عبادت اور پرستش اُسکے ناقابل فہم ہونے کی خصوصیات کے تحت کریں۔لوگوں کے چھوٹے گروپس میں خدا کی عبادت کریں، ہر گروپ میں تین افراد ہوں۔

الف: قائلیت

یسوع مسیح کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا اہمیت کا حامل کیوں ہے؟

1۔ رفاقتی کی کھانے کی تصویر

لوگ ایک ساتھ مل کر کھانا کیوں پسند کرتے ہیں؟

مطالعہ کیجئے مکاشفہ ۳:۲۰۔

نوٹس: لوگ ایک ساتھ کھانا کھانا اِس لئے پسند کرتے ہیں کیونکہ اِسطرح وہ ایک دُوسرے کیساتھ میل ملاپ کرتے ہیں۔بائبل میں مل کر کھانا کھانا رفاقت کی تصویر ہے۔ یسوع مسیح کلیسیا کے اِجتماعات میں باہر کھڑا ہونا نہیں چاہتے بلکہ وہ لوگوں کے ساتھ رفاقت رکھنے کے لئے اندر آنا چاہتے ہیں۔اِسی طرح یسوع مسیح کو اپنی زندگی اور دِل میں قبول کر چکنے بعد پہلا کام جو یسوع آپ کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں وہ ہے رفاقت و شراکت۔جو کوئی یسوع کو قبول کرتا ہے وہ خدا کو قبول کرتا ہے(متی ۱۰: ۴۰؛کلسیوں ۱:۱۵)اور جو کوئی یسوع کے ساتھ رفاقت و شراکت رکھتا ہے وہ رُوح القدس کے ذریعے خدا کے ساتھ رفاقت و شراکت رکھتا ہے(یوحنا ۱۶:۱۳-۱۵)۔

2: یسوع مسیح کے ساتھ رفاقت وشراکت رکھنے سے مُراد

جب آپ دُوسرے لوگوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں تو کیا کرتے ہیں؟

نوٹس: جب آپ دُوسروں کیساتھ کھانا کھاتے ہیں تو غذا کو اپنے جسم میں ڈالتے ہیں اور دُوسروں کیساتھ بات چیت کرتے ہیں۔ رُوحانی طور پر جب آپ یسوع مسیح کیساتھ رفاقت وشراکت رکھتے ہیں تو آپ رُوحانی غذا کو اپنے دل ودماغ میں ڈالتے ہیں اور یسوع کے ساتھ دعا کے ذریعے بات چیت کرتے ہیں۔

یسوع مسیح کا رُوحانی غذا کے بارے میں کیا نقطہ نظر کیا ہے؟

مطالعہ کیجئے: متی ۴:۴؛ یوحنا ۴:۳۴؛ ۱:۲۴-لیطرس ۲:۲)

نوٹس: اصل رُوحانی غذا خُدا کا کلام ہے جیسا کہ خدا نے بائبل میں ظاہر کیا ہے (کتابِ مُقدس یا، مُقدس صحیفے)۔ جب ایک شخص بائبل لکھی باتوں پر عمل کرتا ہے تو وہ حقیقی معنوں میں جینا شروع کرتا ہے۔ یسوع کیساتھ رفاقت وشراکت رکھنے کے لئے جس کا مطلب خدا کیساتھ رفاقت وشراکت رکھنا ہے ضرور ہے کہ آپ اپنے آپ کو خُدا کی کلام کی غذا دینا سیکھیں۔ ضرور ہے کہ آپ وہ خوراک کھائیں، ہضم کریں اور اُسی پر زندہ رہیں جو خُدا بائبل میں آپ کو بتاتا ہے۔

آپ خدا کیساتھ کیسے ہم کلام ہوتے ہیں؟

مطالعہ کیجئے زبور ۶۲:۸؛ لوقا ۱:۱۱-۴

نوٹس: آپ دُعا کے ذریعے خُدا سے گفتگو کرتے ہیں۔ خدا کیساتھ رفاقت وشراکت رکھنے کے لئے ضرور ہے کہ آپ دُعا کرنا سیکھیں۔ دُعا کوئی مذہبی مشق نہیں ہوتی۔ دعا کوئی مخصوص مذہبی اِلفاظ اور انداز نہیں ہوتے۔ دُعا اپنی مرضی اور خوشی سے خُدا کی ساتھ رُوحانی رفاقت کی وقت گذاری ہوتی ہے جو ایک اِنسان ایک برحق اور زندہ خُدا کے ساتھ رکھتا ہے۔ دعا میں خدا ہم سے شخصی طور پر کلام کرتا ہے اور ہم اُسکا جواب دیتے ہیں جو کچھ وہ فرماتا ہے۔ یا دعا میں آپ اپنے دِل کو خدا کے سامنے اُنڈیل دیتے ہیں اور وہ اپنے مُقررہ وقت پر اپنے انداز میں اُس کا جواب دیتا ہے۔ خدا آپ سے جو بات کرتا ہے اُس کا جواب اُس کے کلام سے دینا سیکھیں۔ اپنے دِل کو کھولنا اور اُس میں جو کچھ ہے اُسکو خدا کے سامنے لانا سیکھیں۔

3۔ یسوع مسیح کے ساتھ رفاقت وشراکت رکھنے کی ذِمہ داری

تعلیم دیں ۔ مکاشفہ ۳:۲۰ پہلے یسوع کے آپ کے ساتھ کھانا کھانے اور پھر آپ کا یسوع کے ساتھ کھانا کھانے کا ذکر کرتا ہے۔

اِس مثال میں میزبان کون ہیں؟

بطور میزبان ایک ایماندار کیا ذِمہ داریاں ہیں؟

نوٹس: جب یسوع آپکے ساتھ کھانا کھاتے ہیں تو آپ میزبان ہیں اور اور یسوع آپکے مہمان ہیں۔

یسوع مسیح سے متعلق آپ کی کیا ذِمہ داریاں ہیں؟

جب میں میزبان ہوں تو میری ذمہ داری ہے کہ جو کچھ میرے پاس ہے وہ یسوع مسیح کو پیش کروں۔ یہ خاص طور پر میرا دِل، وقت اور اُسکے ساتھ رفاقت رکھنے کا شوق ہے۔ لیکن میرے گناہ مشکل، اور خوف پیدا کرتے ہیں۔

بطور میزبان یسوع مسیح کی کیا ذِمہ داریاں ہیں؟

نوٹس: جب آپ یسوع کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں تو وہ میزبان ہی اور آپ مہمان ہیں۔

آپکے حق میں اُن کی کیا ذِمہ داریاں ہیں؟

جب یسوع میزبان ہیں تو میں اُن سے بہت سی توقعات رکھ سکتا ہوں۔ بطور ایک مہمان مَیں اُمید کر سکتا ہوں کہ یسوع کے ساتھ رفاقت کے دوران خُدا میں سے شخصی طور پر گفتگو کریگا۔ مَیں بھی توقع کر سکتا ہوں کہ خُدا مجھے آج کے لئے ضرورت کی ہر ایک شے مہیا کریگا (عبرانیوں ۴: ۱۵-۱۶)

4۔ یسوع مسیح کے ساتھ رفاقت رکھنے کی کثرت

ایک دِن میں عام طور پر آپ کتنی بار کھانا کھاتے ہیں؟

نوٹس مستقل طور پر کھانا کھانا اہم کیوں ہے؟ مکاشفہ ۳: ۲۰ خُدا کے ساتھ ہمارے رشتہ کے بارے کیا اِطلاق کرتا ہے؟ زیادہ تر لوگ دِن میں دو یا تین بار کھانا کھاتے ہیں۔ صحت مند رہنے اور کام کاج کے واسطے قوت حاصل کرنے کے لئے ضرور ہے کہ ہم نہ صرف اچھا کھانا کھائیں بلکہ باقاعدہ طور پر کھاتے رہیں۔ مکاشفہ ۳: ۲۰ کی بِنا پر ہر روز خُدا کے ساتھ رفاقت رکھنے کو وقت دینا ایک معقول عمل ہے۔

یسوع مسیح جب اِنسانی جسم میں تھے تو اُن کی مستقل عادت کیا تھی؟

مطالعہ کیجئے: یسعیاہ ۵۰: ۴-۵؛ مرقس ۱: ۳۵

نوٹس پرانے عہدنامے میں یسوع مسیح کو "خُدا کا خادِم" کہا جاتا تھا۔ یسعیاہ ۵۰ یسوع مسیح کے زمین پر آنے سے تقریباً ۷۰۰ سال پیشتر اُس کے متعلق زمین پر پہلی بار آنے کی پیشین گوئی ہے جو کی ۷۰۰ سال پہلے نازل ہوئی۔ ہر صبح یسوع خدا باپ کی تعلیم کو سننے دُعا کرتے تھے۔ چنانچہ جب یسوع مسیح اِس دنیا میں تھے وہ ہر روز صبح باقاعدہ خدا سے رفاقت رکھتے تھے۔

داؤد بادشاہ کی مستقل عادت کیا تھی؟

مطالعہ کیجئے زبور ۱۴۳: ۸؛ ۱۱۹: ۱۰-۱۱؛ ۵: ۲-۳

نوٹس داؤد بادشاہ ہر روز خدا کی محبت بھری باتیں سننے کی توقع رکھتا تھا۔ اور وہ یہ بھی اُمید کرتا تھا کہ خدا اُسکو وہ راستہ دکھائے جس پر وہ اُس کو چلنا ہوگا۔ یہ اُس وقت ہوتا تھا جب وہ خُدا کی باتوں پر دھیان لگاتا تھا۔

وہ اپنی دُعاؤں میں اپنی مناجات خُدا کے آگے رکھتا تھا۔ پھر وہ اُمید کے ساتھ خُدا کی طرف دیکھتا تھا کہ اب خُدا کیا کرنے کو ہے۔

چنانچہ، داؤد بادشاہ بھی ہر روز صُبح خُدا کے ساتھ رفاقت میں وقت گذارتا تھا۔

خلاصہ: ہم روزمرّہ خدا کے ساتھ گذارے جانے والی ذات وقت کو "خاموش وقت" یا "عبادتی وقت" بھی کہتے ہیں۔ خدا کے ساتھ روزانہ وقت گذارنے کو بھی ایک عادت بنائیں۔ خُدا کے ساتھ شخصی ووقت کے دوران آپ بائبل میں خُدا کے کلام کو کھاتے ہیں اور دُعا کے ذریعے خُدا سے باتیں کرتے ہیں۔

ب: طریقہ کار

خدا کے ساتھ روزانہ رفاقت کا وقت کسطرح گذاریں؟

تعلیم۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنے کا طریقہ کہلاتا ہے:

سچائی کا پسندیدہ طریقہ

اِس طریقہ کے پانچ درجے ہیں۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنے کا طریقہ (سچائی کا پسندیدہ طریقہ) اور بائبل پڑھنے کا طریقہ (پانچ درجاتی طریقہ) میں فرق پر غور کریں۔

گھریلو رفاقتی میٹنگ کے اِختتام پر گروپ لیڈر بائبل میں سے ۷ پیراگراف منتخب کریگا جس کے ذریعے چھوٹے گروپ کا فرد (گھریلو رفاقت) اگلے ہفتہ کے دوران خدا کے ساتھ شخصی رفاقت رکھے گا۔

عمل نمبر 1۔ دُعا

خُدا کے ساتھ اپنے شخصی وقت کا آغاز ہوش وحواس خُدا کی حضوری میں داخل ہونے سے کریں۔خدا سے کہیں کہ وہ بائبل مُقدس میں درج اپنے کلام اور رُوح القدس کے ذریعے آپ سے ہم کلام ہو۔اُس سے درخواست کریں کہ وہ بائبل میں درج اپنے کلام کے وسیلہ سے آپ کی زندگی کو نیا بنائے اور قوت بخشے۔مثال کے طور پر،آپ دعا کر سکتے ہیں ''میری آنکھیں کھولدے تا کہ مَیں تیری شریعت کے عجائب دیکھوں''(زبور۱۱۹:۱۸)۔

عمل نمبر 2: پڑھیں

بائبل میں سے منتخب کردہ سات۷ پیراگرافس کو پڑھیں جو اِس ہفتے کے لئے چُنے گئے ہیں۔

عمل نمبر 3: اپنے پسندیدہ سچ کو چنیں

آپ کا پسندیدہ سچ شاید کوئی آیت،آیات یا خاص طور پر بائبل میں سے جو پیراگراف آپ پڑھ چکے ہیں اُن میں سے کوئی سچ ہو سکتا ہے۔یہ کوئی خیال یا سچ ہو سکتا ہے جسکے ذریعے سے خدا آپ سے بات کر رہا ہے،جس کے ذریعے سوچ گرم ہو رہی ہے یا جس کے ذریعے آپ کا دِل چھوا گیا ہے۔

عمل نمبر 4: اپنے پسندیدہ سچ پر غور وخوض کریں

آپ خدا کے کلام پر اسلئے غور وخوض کرتے ہیں کونکہ آپ سچائی کو سمجھنا چاہتے ہیں،اُس سے تازگی اور قوت حاصل کرنا چاہتے ہیں،اور اُس پر عمل کرنا چاہتے ہیں۔مسیحی دھیان گیان کے چار درجے ہیں۔

سوچنا۔ آپ اپنے پسندیدہ سچ میں مختلف الفاظ کے معنی کے متعلق سوچیں،خود سے سوال کریں مثلاً،کون،کیا،کہاں،کب اور کیسے؟

دعا۔ دوران سوچ بچار خدا سے دعا کریں۔خدا سے کہیں کہ آپ کے دل اور دماغ سے بات کرے تا کہ آپ ایک لفظ کے معنی کو سمجھ سکیں یا آپ پر وہ باتیں ظاہر کریں جن پر آپ یقین کرنا،ہونا یا کرنا چاہتے ہیں۔جو کچھ خُدا آپ سے کہہ رہا ہے اُسکا جواب دیں۔

تعلق قائم کریں۔ اپنے پسندیدہ سچ کا تعلق اپنی ذاتی زندگی سے یا اُس دُنیا سے قائم کریں جس میں آپ رہتے ہیں۔مندرجہ ذیل سوالوں میں سے ایک سوال خود سے پوچھیں۔ ''اِس سچ کی روشنی میں میری کیا ضروریات ہیں؟''''یہ سچ کس طرح مجھے نیا بنا تا یا قوت بخشتا ہے؟''''خدا کیا چاہتا ہے جو مَیں یقین کروں،بن جاؤں یا کروں؟''۔

لکھیں۔ خدا کے ساتھ گذارے ہُوئے اپنے ذاتی وقت کے دوران آنے والی سوچوں کو اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔

عمل نمبر 5: اپنے پسندیدہ سچ کے بارے میں دعا کریں

اپنے پسندیدہ سچ (غور وخوض کے خیالات) کو دوبارہ خدا کے سامنے پیش کریں۔چار مختلف لوگوں کے لئے مختصر دعا کریں۔

- اپنے پسندیدہ سچ کو اپنے لئے خُدا کے سامنے دُعا کریں۔
- اپنے پسندیدہ سچ کو اپنے خاندان میں کسی عزیز کے لئے خُدا کے سامنے دُعا کریں۔
- خدا سے اپنے پسندیدہ سچ سے کسی بھی پڑوس،جماعت،ساتھی یا قریبی نسبت والے شخص کے لئے دعا کریں۔
- خدا سے اپنے پسندیدہ سچ سے کسی بھی ایک شخص جو کہ دُوسرے علاقے یا شہر میں رہتا ہو دعا کریں۔

ج: مشورہ جات

خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنے کا مشورہ

1: خدا کے ساتھ روازہ ذاتی وقت گذاری

تعلیم دیں۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزاریں

خدا کیساتھ اکیلے یا دُوسرے ساتھی کے ساتھ مل کر ذاتی وقت گزاریں۔

آپ خدا کے ساتھ صبح، دوپہر یا شام کو ذاتی وقت گزار سکتے ہیں۔

پسندیدہ سچ کے طریقے کو اِستعمال کریں۔

بائبل پڑھنے کے منصوبہ کو اِستعمال کریں (کتابچہ نمبر ایک اور ضمیمہ نمبر دو کو دیکھیں)۔

بائبل پر نشان لگانے کے نظام کو اِستعمال میں لائیں (کتابچہ نمبر ایک اور ضمیمہ نمبر تین کو دیکھیں)۔

2: خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنے کی نوٹ بک

تعلیم دیں۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنے کا اندراج ایک نوٹ بک میں رکھیں۔

مندرجہ ذیل چیزوں کو لکھنے کی عادت ڈالیں:

- تاریخ
- خدا کیساتھ ذاتی وقت گذارنے میں جو آیت آپ نے پڑھی اُسکا حوالہ لکھیں۔
- پسندیدہ سچ کا حوالہ
- خُدا چاہتا ہے کہ آپ تمام سچائیاں یاد رکھیں یا دُوسروں کو بتائیں۔

خدا کے ساتھ بتائے ہوئے آپ کے ذاتی وقت کی نوٹ بک؛ آپ کی سیکھی ہُوئی باتیں دُوسروں کو بتانے میں آپ کی مدد کرے گی۔ یہ اُن باتوں کو یاد رکھنے میں آپ کی مدد کریگی جو خدا نے ماضی میں آپ سے کہیں۔ جب بعد میں یہ نوٹس پڑھیں گے اور سمجھیں گے تو آپ ایک نمونہ دیکھ سکتے ہیں کہ خُدا کس طرح سے آپ کی راہنمائی کر رہا ہے۔

3: ایک جماعت کی صورت میں خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا

تعلیم دیں: ایک گروپ کی صورت میں خدا کیساتھ وقت گذاریں۔

چھوٹا گروپ بنائیں: لوگوں کا ایک چھوٹا گروپ تشکیل دیں جو مل کر خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا چاہتے ہوں۔ یہ چھوٹا گروپ رشتہ داروں، دوستوں، ایمانداروں یا پڑوسیوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ ایسے وقت میں ملنے کی کوشش کریں جو سب کے لئے مناسب ہو بعض سچی کام پر جانے سے پہلے خُدا کے ساتھ وقت گذارنے کے لئے صبح سویرے اِکٹھے ہوتے ہیں۔

خاموش وقت: چھوٹے گروپس کو اِس طرح تقسیم کریں کہ ہر گروپ میں دو لوگ ہوں، خدا کیساتھ ذاتی وقت کو دو لوگوں کے گروپ میں پسندیدہ سچ کے طریقے سے گذاریں۔

بات چیت کا وقت: آخر میں سب لوگ جمع ہوں اور ہر ایک شخص مختصر طور پر اپنا پسندیدہ سچ بیان کرے اور جو کچھ اُس نے سیکھا ہو وہ بھی بتائے۔

دُعا کا وقت: آخری میں جو جو آپ نے حاصل کی ہیں اُس کے لئے ہر کوئی باری باری مختصر دُعا کرے۔

4: خدا کیساتھ گذارے ہُوئے ذاتی وقت بارے بتانا

تعلیم دیں۔ ہر ہفتے خدا کے ساتھ گذارے ہُوئے ذاتی وقت کے متعلق بتائیں۔

اگر آپکا گروپ صرف ہفتہ میں ایک بار ملتا ہے تو آپ اِس کا کچھ حصہ یا وقت بات چیت میں گزاریں (گروپ لیڈرز کے لئے کتابچہ نمبر 1 کے پروگرام کا جائزہ لیں) ہر ایک شخص پورے گروپ کو ہفتہ بھر میں خدا کیساتھ گذارے ہُوئے اپنے ذاتی وقت کے بارے بتاتا ہے۔ آخری میں جو چیزیں آپ نے خدا سے حاصل کی ہیں اُنکے متعلق باری باری مختصر دُعائیں کریں۔

د: عملی مشق

1: خدا کے ساتھ روزانہ ذاتی وقت گزاریں

پسندیدہ ہیچ کو چننے کے طریقے اور بائبل کی چُنی ہُوئی آیات کو اِستعمال میں لاتے ہوئے (بائبل کو پڑھنے کا منصوبہ) خدا کیساتھ روزانہ وقت گذاریں۔ ہر خُدا کے ساتھ گذارے ہُوئے وقت پر ایک نوٹ لکھیں۔ آپ اکیلے یا دُوسروں کیساتھ مل کر خدا کے ساتھ وقت گزار سکتے ہیں۔

2: گروپ میٹنگز میں خُدا کے ساتھ گذارے ہُوئے وقت کو بیان کریں

آپ گروپ کی صورت میں روزانہ ملیں یا ہفتے بعد، ایک وقت گفتگو کا رکھیں دس میں سے ہر ایک شخص خدا کے ساتھ گذارے ہُوئے ذاتی وقت کے دوران لکھی گئی اپنی نوٹ بک میں کچھ بیان کرے۔

[redacted]

بائبل میں سے ایک آیت چُن لیں۔ مثال کے طور پر زبور ۲۳:۱-۶۔ اپنے گروپ کو دو رو میں تقسیم کر دیں، پسندیدہ ہیچ کے طریقے کو اپناتے ہوئے دو رو کی جماعت میں خُدا کے ساتھ وقت گزاریں۔

[redacted]

گروپ کا ہر ایک شخص جو آپ نے سیکھا ہے اُسکے لئے خدا سے ایک چھوٹی دُعا کرے، آپ گروپ کو ۳ یا ۴ لوگوں میں بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔

[redacted]

گروپ کا رہنما گروپ کے ارکان کو گھر پر کرنے والے کام کی تیاری لکھ کر دے یا اُن کو تحریر کرنے دے۔

1- عہد کرنا: خدا کے ساتھ رفاقت کے لئے ایک مستقل شخصی وقت مُقرر کریں (خاموش وقت)۔ اُس کو دِن کے بہترین وقت میں کرنے کا فیصلہ کریں۔

2- خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنا: خدا کیساتھ ہر روز ذاتی وقت متی ۱:۱-۷:۲۹ سے لیں۔ پسندیدہ ہیچ کے طریقہ کو اِستعمال کریں۔ نوٹس لکھیں۔

3- بائبل کا مطالعہ: بائبل کے مطالعہ کی تیاری پہلے گھر پر کریں (لوقا ۸:۴-۱۵) موضوع "میں خدا کے کلام کا کیسے جواب دوں؟"۔

4- دعا: کسی خاص بندے یا چیز کے لئے خدا سے اِس ہفتہ دُعا کریں، اور پھر دیکھیں کہ خدا کیا کرتا ہے (زبور ۵:۳)۔

5- اپنی نوٹ بک کو شاگرد بنانے کے لئے تیار رکھیں: عبادتی نوٹس، تعلیمی نوٹس اور اس مشق کی تیاری کو بھی شامل کریں۔